بموقع: تحفظ سنت کانفرنس
زیر اہتمام: جمعیت علماء ہند

# علم حدیث میں
# امام ابو حنیفہ کا مقام و مرتبہ

از


حبیب الرحمن اعظمی
استاذ حدیث دار العلوم دیوبند



شائع کردہ
جمعية علماء هند
۱ بہادر شاہ ظفر مارگ نئی دہلی ۔ ۱۱۰۰۰۲ (انڈیا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رحمہ اللہ کی جلالتِ قدر و عظمت شان کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ تابعیت کے عظیم دینی اور روحانی شرف کے حامل ہیں امام ابوحنیفہؒ کی یہ ایسی فضیلت ہے جس نے انہیں اپنے معاصر۔۔۔ فقہاء محدثین میں اسناد عالی کی حیثیت سے ممتاز کردیا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر ہیتمی مکی لکھتے ہیں۔

" إنه أدرك جماعة من الصحابة كانوا بالكوفة بعد مولده بها سنة ثمانين فهو من طبقة التابعين ولم يثبت ذلك لأحد من أئمة الأمصار المعاصرين له كالأوزاعي بالشام، والحمادين بالبصرة، والثوري بالكوفة و مالك بالمدينة المشرفه، والليث بن سعد بمصر" (۱)

امام ابوحنیفہ نے اپنی پیدائش سن ۸۰ھ کے بعد صحابہ کی ایک جماعت کا زمانہ پایا ہے جو کوفہ میں تھے اس لیے وہ تابعین کے طبقہ میں ہیں، اور یہ شرف ان کے معاصر محدثین و فقہاء جیسے شام میں امام اوزاعی، بصرہ میں امام حماد بن سلمہ، امام حماد بن زید، کوفہ میں امام سفیان ثوری، مدینہ میں امام مالک، اور بصرہ میں امام لیث بن سعد کو حاصل نہیں ہوسکا۔

حافظ الدنیا امام ابن حجر عسقلانی نے بھی ایک استفسار کا جواب دیتے ہوئے امام ابوحنیفہؒ کی تابعیت کو بطریق دلائل کے ساتھ بیان کیا ہے ان کے الفاظ ملاحظہ کیجئے!

أدرك الإمام أبو حنيفة جماعة من الصحابة لأنه ولد بالكوفة سنة ثمانين من الهجرة وبها يومئذ من الصحابة عبد الله بن أبي أوفى فإنه مات بعد ذالك بالاتفاق، وبالبصرة يومئذ أنس بن مالك ومات سنة تسعين أو بعدها، قد أورد

---

(۱) الخیرات الحسان فصل سادس ص: ۲۱، از علامہ ابن حجر ہیتمی مکی۔

ابن سعد بسندلابأس به أن أبا حنيفة رأى أنساً و كان غير هذين فى الصحابة بعدهٗ من البلاد احياء۔

وقد جمع بعضهم جزأفيما ورد من رواية أبى حنيفة عن الصحابة لكن لايخلواسنادهامن ضعف والمعتمدعلىٰ ادراكه ماتقدم وعلىٰ رويته لبعض الصحابة ماأورده ابن سعدفى الطبقات،فهو بهذاالاعتبارمن طبقه التابعين اه(۱)

امام ابوحنیفہ نے صحابہ کی ایک جماعت کو پایا ہے کیونکہ آپ کی ولادت ۸۰ھ میں کوفہ میں ہوئی اور اس وقت وہاں صحابہ میں سے عبداللہ بن ابی اوفی موجود تھے کیونکہ ان کی وفات بالاتفاق ۸۰ھ کے بعد ہوئی ہے، اور ان دنوں بصرہ میں انس بن مالک موجود تھے اس لیے کہ ان کی وفات ۹۰ھ یا اس کے بعد ہوئی ہے اور ابن سعد نے اِسی سند سے جس میں کوئی خرابی نہیں ہے بیان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے، نیز ان دونوں اصحاب کے علاوہ اور بھی بہت سے صحابہ مختلف شہروں میں بقید حیات تھے اور بعض علماء نے امام ابوحنیفہ کی صحابہ سے روایت کردہ احادیث کو ایک خاص جلد میں جمع کیا ہے لیکن ان کی سندیں ضعف سے خالی نہیں ہیں، امام ابوحنیفہ کا صحابہ کے زمانے کو پانے کے متعلق قابل اعتماد بات وہی ہے جو گزر چکی ہے اور بعض صحابہ کو دیکھنے کے بارے میں قابل اعتماد بات وہ ہے جس کو ابن سعد نے طبقات میں ذکر کیا ہے لہٰذا اس اعتبار سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تابعین کے طبقہ میں سے ہیں الخ۔

علامہ ہیتمی مکی اور حافظ ابن حجر عسقلانی کے علاوہ امام دارقطنی، حافظ ابونعیم اصبہانی حافظ ابن عبدالبر، امام خطیب بغدادی، ابن الجوزی، امام سمعانی، حافظ عبدالغنی مقدسی سبط ابن الجوزی، حافظ زین الدین عراقی، ولی الدین عراقی ابن الوزیر یمانی، وغیرہ ائمہ حدیث نے بھی امام اعظم ابوحنیفہؒ کی تابعیت کا اقرار واعتراف کیا ہے۔

ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء

(۱) تبییض الصحیفة ص: ۲۵،۲۶،۱، حافظ سیوطی مطبوعه کراچی ۱٤۱۸ھ

## طلب حدیث کے لیے اسفار

امام اعظم ابو حنیفہؒ نے فقہ وکلام کے علاوہ بطور خاص حدیث پاک کی تعلیم وتحصیل کی تھی اور اس کے لئے حضرات محدثین کی روش کے مطابق اسفار بھی کئے چنانچہ امام ذہبی جو رجال علم وفن کے احوال وکوائف کی معلومات میں ایک امتیازی شان کے مالک ہیں اپنی مشہور اور انتہائی مفید تصنیف ''سیر اعلام النبلاء'' میں امام صاحب کے تذکرہ میں لکھتے ہیں وعنی بطلب الآثار وارتحل فی ذالک (۱) ''امام صاحب نے طلب حدیث کی جانب خصوصی توجہ کی اور اس کے لئے اسفار کئے۔

مزید یہ بھی لکھتے ہیں:۔

ان الامام اباحنیفة طلب الحدیث واکثر منه سنة مئة وبعدها (۲)

امام ابو حنیفہؒ نے حدیث کی تحصیل کی بالخصوص ۱۰۰ھ اور اس کے بعد کے زمانہ میں اس اخذ وطلب میں بہت زیادہ سعی کی۔

امام ذہبی کے بیان ''وارتحل فی ذالک ''کی قدر رے تفصیل صدر الائمہ موفق بن احمد مکیؒ نے اپنی مشہور جامع کتاب ''مناقب الامام الاعظم میں ذکر کی ہے۔ وہ لکھتے کہ امام اعظم ابو حنیفہ کوفی نے طلب علم میں بیس مرتبہ سے زیادہ بصرہ کا سفر کیا تھا اور اکثر سال، سال بھر کے قریب قیام رہتا تھا۔'' (۳)

اس زمانے میں سفر حج ہی افادہ واستفادہ کا ایک بڑا ذریعہ تھا کیونکہ بلاد اسلامیہ کے گوشہ گوشہ سے ارباب فضل وکمال حرمین شریفین میں آ کر جمع ہوتے تھے اور درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ امام ابو المحاسن مرغینانی نے بالسند نقل کیا ہے کہ امام صاحب نے پچپن حج کئے تھے۔ اور یہ تاریخ اسلام میں کوئی عجیب بات نہیں کہ اسے مبالغہ آمیز تصور کیا جائے کیونکہ متعدد شخصیتوں کے نام پیش کئے جا سکتے ہیں جن کی حج کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے چنانچہ امام ابن ماجہؒ کے شیخ علی بن منذر نے اٹھاون حج کئے تھے اور ان میں اکثر پاپیادہ ہی تھے، (۱) محدث سعید بن سلیمان ابو عثمان واسطی نے

(۱) سیر اعلام النبلاء ۳۹۲/۶ (۲) سیر اعلام النبلاء ۳۹۶/۶ (۳) مناقب الامام الاعظم ۵۹/۱ =

ساٹھ حج کئے تھے (۲) اور حافظ عبد القادر قرشی نے جواھر المضیه فی طبقات الحنفیه میں امام سفیان بن عیینہ کے تذکرہ میں لکھا ہے کہ انھوں نے ستر حج کئے تھے۔

علاوہ ازین ۱۳۰ھ سے خلیفہ منصور عباسی کے زمانہ تک جسکی مدت چھ سال کی ہوتی ہے آپ کا مستقل قیام مکہ معظمہ ہی میں رہا (۳)

ظاہر ہے کہ اس دور کے طریقۂ رائج کے مطابق دوران حج اور اس چھ سالہ مستقل قیام کے زمانہ میں آپ نے شیوخ حرمین شریفین اور واردین وصادرین اصحاب حدیث سے خوب استفادہ کیا ہوگا طلب علم کے اسی والہانہ اشتیاق اور بے پناہ شغف کا ثمرہ ہے کہ آپ کے اساتذہ وشیوخ کی تعداد چار ہزار تک پہنچ گئی (۴)۔ پھر ان چار ہزار اساتذہ سے آپ نے کس قدر احادیث حاصل کیں اس کا کچھ اندازہ مشہور امام حدیث حافظ مِسعَر بن کِدام کے اس بیان سے کیا جاسکتا ہے جسے امام ذہبی نے ''مناقب امام ابی حنیفه وصاحبیه'' میں نقل کیا ہے۔

## علم حدیث میں مہارت وامامت

امام مِسعَر بن کدام جو اکابر حفاظ حدیث میں ہیں امام صاحب کی جلالت شان کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

طلبت مع ابی حنیفه الحدیث فغلبنا ،واخذنا فی الزهد فبرع علینا وطلبنا معه الفقه فجاء ماترون حواله تلخیص (۵)

> ''میں نے امام ابوحنیفہ کی رفاقت میں حدیث کی تحصیل کی تو وہ
> ہم پر غالب رہے اور زہد وپرہیز گاری میں مصروف ہوئے تو اس میں بھی وہ
> فائق رہے اور فقہ ان کے ساتھ شروع کی تو تم دیکھتے ہو کہ اس فن میں کمالات
> کے کیسے جوہر دکھائے۔''

---

(۱) سنن ابن ماجہ باب صید الکلب =(۲) مناقب امام احمد از ابن الجوزی ص ۳۸۷ =(۳) عقود الجمان از مؤرخ کبیر ومحدث امام محمد بن یوسف الصالحی الشافعی ص ۳۱۲ (۴) عقود الجمان میں امام صالحی نے الباب الرابع فی ذکر بعض شیوخه کے تحت ۲۴ صفحات میں شیوخ امام اعظم کے اسماء ذکر کئے ہیں۔ (۵) مناقب ذہبی ص: ۲۷

یہ مسعر بن کدام وہ بزرگ ہیں جنکے حفظ واتقان کی بناء امام شعبہ انہیں مصحف کہا کرتے تھے(۱) اور حافظ ابومحمد رامہرمزی نے اصول حدیث کی اولین جامع تصنیف المحدث الفاضل میں لکھا ہے کہ امام شعبہ اور امام سفیان ثوری میں جب کسی حدیث کے بارے میں اختلاف ہوتا تو دونوں کہا کرتے کہ 'اذھبنا الی المیزان مسعر" ہم دونوں کو مسعر کے پاس لے چلو جوفن حدیث کے میزان علم ہیں، ذرا غور تو فرمائیے کہ امام شعبہ اور امام سفیان ثوری دونوں امیر المؤمنین فی الحدیث ہیں پھر ان دونوں بزرگ کی میزان جس ذات کے بارے میں یہ شہادت دے کہ وہ علم حدیث میں ہم پر فوقیت رکھتی ہے اس شخصیت کا فن حدیث میں پایہ کیا ہوگا۔

مشہور امام تاریخ وحدیث حافظ ابوسعد سمعانی کتاب الانساب میں امام صاحب کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔

اشتغل بطلب العلم و بالغ فیه حتی حصل له مالم یحصل لغیره ۔(۲)

''امام ابوحنیفہ طلب علم میں مشغول ہوئے تو اس درجہ غایت انہماک کے ساتھ ہوئے کہ جس قدر علم انہیں حاصل ہوا دوسروں کو نہ ہوسکا''

غالباً امام صاحبؒ کے اسی کمالِ علمی کے اعتراف کے طور پر امام احمد بن حنبل اور امام بخاری کے استاذ حدیث شیخ الاسلام حافظ ابوعبدالرحمٰن مقری جب امام صاحب سے کوئی حدیث روایت کرتے تو اس الفاظ کے ساتھ روایت کرتے تھے اخبرنا شاھنشاہ ہمیں علم حدیث کے شہنشاہ نے خبر دی۔ یہ حافظ ابوعبدالرحمٰن مقری امام ابوحنیفہ کے خاص شاگرد ہیں اور امام صاحب سے نوسو ۹۰۰ حدیثیں سنی ہیں جیسا کہ علامہ کردری مناقب الامام الاعظم (ج ۲ص ۲۱۶ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد) میں لکھتے ہیں عبداللہ بن یزید المقری (ابوعبدالرحمٰن) سمع من الامام تسع مأۃ حدیث)

اسی بات کا اعتراف محدث عظیم حافظ یزید بن ہارون نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

کان ابو حنیفة نقیا، تقیا، زاھداً عالماً صدوق اللسان احفظ اھل زمانه (۳)۔

---

(۱) تذکرۃ الحفاظ از امام ذہبی ۱/۱۸۸ =(۲) کتاب الانساب طبع لندن ورق ۱۹۶ =(۳) اخبار ابی حنیفہ اصحابہ از صیمری ص ۳۶ =

امام ابوحنیفہ پاکیزہ سیرت، متقی، پرہیزگار، صداقت شعار اور اپنے زمانہ میں بہت بڑے حافظ حدیث تھے۔

امام ابوحنیفہؒ کے علوم وقرآن وحدیث میں امتیازی تبحر اور وسعتِ معلومات کا اعتراف امام الجرح والتعدیل یحییٰ بن سعید القطان نے ان وقیع الفاظ میں کیا ہے۔ إنہ واللہ لأعلم ھذہ الامۃ بماجاء عن اللہ ورسولہ .(۱)

''بخدا ابوحنیفہ اس امت میں خدا اور اس کے رسول سے جو کچھ وارد ہو رہے اس کے سب سے بڑے عالم تھے۔''

امام بخاریؒ کے ایک اور استاذ حدیث امام مکی بن ابراہیم فرماتے ہیں۔

کان أبو حنیفة زاھدا، عالماً، راغباً في الآخرة صدوق اللسان أحفظ اھل زمانہ (۲)

''امام ابوحنیفہ، پرہیزگار، عالم، آخرت کے راغب، بڑے راست باز اور اپنے معاصرین میں سب سے بڑے حافظ حدیث تھے۔''

امام ابوحنیفہؒ کی حدیث میں کثرت معلومات کا اندازہ اس سے بھی کیا جاسکتا ہے کہ امام صاحب نے حدیث پاک میں اپنی اولین تالیف کتاب الآثار کو چالیس ہزار احادیث کے مجموعہ سے منتخب کرکے مرتب کیا ہے۔ چنانچہ صدر الائمہ موفق بن احمد مکی محدث کبیر امام الائمہ بکر بن محمد زرنجری متوفیٰ ۵۱۲ھ کے حوالہ سے لکھتے ہیں۔

وانتخب ابو حنیفة رحمہ اللہ الآثار من اربعین الف حدیث ۔(۳)

''امام ابوحنیفہ نے کتاب الآثار کا انتخاب چالیس ہزار احادیث سے کیا ہے۔''

پھر اسی کے ساتھ امام حافظ ابو یحییٰ زکریا بن یحییٰ نیشاپوری متوفی ۲۹۸ھ کا یہ بیان بھی پیش نظر رکھئے جسے انہوں نے اپنی کتاب مناقب ابی حنیفہ میں خود امام اعظم سے بہ سند نقل کیا ہے کہ:

(۱) مقدمہ کتاب التعلیم از مسعود بن شیبہ سندھی بحوالہ ابن ماجہ اور علم حدیث ص ۱۶۷ از محقق بیر علامہ محمد عبدالرشید نعمانی (۲) مناقب الامام الاعظم از صدر الائمہ موفق بن احمد مکی (۳) مناقب الامام الاعظم ۹۵/۱

عندی صنادیق الحدیث ما أخرجت منهما إلا ألیسیر الذی ینتفع به ۔(۱)

''میرے پاس حدیث کے صندوق بھرے ہوئے موجود ہیں مگر میں نے ان

میں سے تھوڑی حدیثیں نکالی ہیں جن سے لوگ نفع اٹھائیں۔''

اب خدا ہی کو معلوم ہے کہ ان صندوقوں کی تعداد کیا تھی اور ان میں احادیث کا کس قدر ذخیرہ محفوظ تھا۔ لیکن اس سے اتنی بات تو بالکل واضح ہے کہ امام اعظم علیہ الرحمہ والغفران کثیر الحدیث ہیں اور یار لوگوں نے جو یہ مشہور کر رکھا ہے کہ حدیث کے باب میں امام صاحب تہی دامن تھے اور انہیں صرف سترہ حدیثیں معلوم تھیں یہ ایک بے بنیاد الزام ہے علمی دنیا میں قطعاً غیر معروف اور اوپرا ہے۔ جو بازاری افسانوں سے زیادہ کی حیثیت نہیں رکھتا۔

## ضروری تنبیہ

اس موقعہ پر یہ علمی نکتہ پیش نظر رہے کہ یہ چالیس ہزار متون حدیث کا ذکر نہیں بلکہ اسانید کا ذکر ہے پھر اس تعداد میں صحابہ واکابر تابعین کے آثار واقوال بھی داخل ہیں کیونکہ سلف کی اصطلاح میں ان سب کے لئے حدیث واثر کا لفظ استعمال ہوتا تھا۔

امام صاحب کے زمانہ میں احادیث کے طرق واسانید کی تعداد چالیس ہزار سے زیادہ نہیں تھی بعد کو امام بخاری، امام مسلم وغیرہ کے زمانہ میں سندوں کی یہ تعداد لاکھوں تک پہنچ گئی کیونکہ ایک شیخ نے کسی حدیث کو مثلاً دس تلامذہ سے بیان کیا تو اب محدثین کی اصطلاح کے مطابق یہ دس سندیں شمار ہونگی اگر اب کتاب الآثار اور مؤطا امام مالک کی احادیث کی تخریج دیگر کتب حدیث کی احادیث سے کریں تو ایک ایک متن کی دسیوں بیسیوں سندیں مل جائیں۔

حافظ ابونعیم اصبہانی نے مسند ابی حنیفہ میں بسند متصل یحییٰ بن نصر صاحب کی زبانی نقل کیا ہے کہ:

دخلت علی أبی حنیفة فی بیت مملوء کتباً فقلت: ماھذہ؟

(۱) مناقب الامام الاعظم ۱/۹۵

قال هذه أحاديث كلها وما حدثت به الاالیسیر الذی ینتفع به(۱)

''میں امام ابوحنیفہ کے یہاں ایسے مکان میں داخل ہوا جو کتابوں سے بھرا ہوا تھا۔ میں نے ان کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا یہ سب کتابیں حدیث کی ہیں اور میں نے ان سے تھوڑی سی حدیثیں بیان کی ہیں جن سے نفع اٹھایا جائے''۔

مشہور محدث ابومقاتل حفص بن سلم امام ابوحنیفہؒ کی فقہ وحدیث میں امامت کا اعتراف ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

و كان أبوحنيفة إمام الدنيا فی زمانه فقهاوعلما وورعاً قال: و كان أبوحنيفة محنة يعرف به أهل البدع من الجماعة ولقد ضرب بالسياط على الدخول فی الدنيا لهم فابی(۲)

امام ابوحنیفہ اپنے زمانہ میں فقہ وحدیث اور پرہیزگاری میں امام الدنیا تھے۔ ان کی ذات آزمائش تھی جس سے اہل سنت والجماعت اور اہل بدعت میں فرق وامتیاز ہوتا تھا انہیں کوڑوں سے مارا گیا تاکہ وہ دنیاداروں کے ساتھ دنیا میں داخل ہوجائیں (کوڑوں کی ضرب برداشت کرلی) مگر دخول دنیا کو قبول نہیں کیا۔

حفص بن مسلم کے قول "و كان أبوحنيفة محنة يعرف به أهل البدع من الجماعة "(امام ابوحنیفہ آزمائش تھے ان کے ذریعہ اہل سنت اور اہل بدعت میں تمیز ہوتی تھی) کی وضاحت امام عبدالعزیز ابن ابی رواد کے اس قول سے ہوتی ہے وہ فرماتے ہیں:

أبوحنيفة المحنة من أحب أباحنيفة فهو سنّی و من أبغض فهو مبتدع(۳)

''امام ابوحنیفہ آزمائش میں ہیں جو امام صاحب سے محبت رکھتا ہے وہ سنی ہے اور جو ان سے بغض رکھتا ہے وہ بدعتی ہے''۔

مؤرخ کبیر شیخ محمد بن یوسف صالحی اپنی معتبر، مقبول اور جامع کتاب عقود الجمان

(۱)الانتفاء ازحافظ عبدالبر ص۳۱۹ مطبوعہ دارالبشائر الاسلامیہ بیروت ۱۴۱۷ھ

(۲)اخبار ابی حنیفہ و اصحابہ از امام صمیری ص۷۹ (۳)اخبار ابی حنیفہ و اصحابہ ازامام صمیری ص۷۹

فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان ۔ میں امام صاحب کی عظیم محدثانہ حیثیت کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

اعلم رحمك الله أن الإمام أبا حنيفة رحمه الله تعالى من كبار حفاظ الحديث وقدتقدم انه اخذ عن أربعة آلاف شيخ من التابعين وغيرهم وذكره الحافظ الناقد ابو عبدالله الذهبى فى كتابه الممتع طبقات الحفاظ من المحدثين منهم ولقد اصاب وأجاد،ولولا كثرة اعتنائه بالحديث ماتهيّاله استنباط مسائل الفقه فانه أوّل من استنبطه من الأدلة اه(۱)

"معلوم ہونا چاہئے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کبار حفاظ حدیث میں سے ہیں اور اگلے صفحات میں یہ بات گزر چکی ہے کہ امام صاحب چار ہزار شیوخ تابعین وغیرہ سے تحصیل علم کیا ہے اور حافظ ناقد امام ذہبی نے اپنی مفید ترین کتاب تذکرۃ الحفاظ میں حفاظ محدثین میں امام صاحب کا بھی ذکر کیا ہے (جو امام صاحب کے حافظ حدیث ہونے کی بڑی پختہ دلیل ہے ان کا یہ انتخاب بہت خوب اور نہایت درست ہے اگر امام صاحب تکثیر حدیث کا مکمل اہتمام نہ کرتے تو مسائل فقہیہ کے استنباط کی استعداد ان میں نہ ہوتی جبکہ دلائل سے مسائل کا استنباط سب سے پہلے انہوں نے ہی کیا ہے"۔

علم حدیث میں امام صاحب کے اسی بلند مقام ومرتبہ کی بناء پر اکابر محدثین اور ائمہ حفاظ کی جماعت میں عام طور پر امام اعظم کا تذکرہ بھی کیا جاتا ہے:۔ چنانچہ امام المحدثین ابوعبداللہ الحاکم اپنی مفید ومشہور کتاب "معرفۃ علوم الحدیث" کی انچاسویں ۴۹ نوع کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

هذالنوع من هذه العلوم معرفة الائمة الثقات المشهورين من التابعين وأتباعهم ممن يجمع حديثهم للحفظ والمذاكرة والتبرك بذكرهم من

(۱) عقود الجمان ص ۳۱۹

http://mujahid.xtgem.com

الشرق الی الغرب ۔

''علوم حدیث کی یہ نوع مشرق ومغرب کے تابعین اوراتباع تابعین
میں سے مشہور ائمہ ثقات کی معرفت اوران کے ذکر میں ہے جن کی بیان کردہ
احادیث حفظ ومذاکرہ اورتبرک کی غرض سے جمع کی جاتی ہیں''۔

پھر اس نوع کے تحت بلاد اسلامیہ کے گیارہ علمی مراکز مدینہ، مکہ، مصر، شام
، یمن، یمامہ، کوفہ، جزیرہ، بصرہ، واسط، خراسان کے مشاہیر ائمہ حدیث کا ذکر کیا ہے

۱۔ محدثین مدینہ میں سے امام محمد بن مسلم زہری، محمد بن المنکدر قرشی، ربیعۃ بن ابی عبدالرحمٰن الرائی، امام مالک بن انس، عبداللہ بن دینار، عبیداللہ بن عمر بن حفص عمری، عمر بن عبدالعزیز، سلمہ بن دینار، جعفر بن محمد الصادق وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔

۲۔ محدثین مکہ میں سے ابراہیم بن میسرہ، اسماعیل بن امیہ، مجاہد بن جبیر، عمرو بن دینار، عبدالملک بن جریج، فضیل بن عیاض وغیرہ کے اسماء ذکر کئے ہیں۔

۳۔ محدثین مصر میں سے عمرو بن الحارث، یزید بن ابی حبیب، عیاش بن عباس القتبانی عبدالرحمٰن بن خالد بن مسافر، حیوۃ بن شریح التجیبی، رزیق بن حکیم الایلی وغیرہ کا تذکرہ کیا ہے۔

۴۔ محدثین شام میں سے عبدالرحمٰن بن عمرو الاوزاعی، شعیب بن ابی حمزہ الحمصی، رجاء بن حیوۃ الکندی، امام مکحول (الفقیہ) وغیرہ کے اسماء بیان کئے گئے ہیں۔

۵۔ اہل یمن میں سے ہمام بن منبہ، طاؤس بن کیسان، ضحاک بن فیروز دیلمی، شرحبیل بن کلیب صنعانی وغیرہ کے نام لئے ہیں۔

۶۔ محدثین یمامہ میں سے یحیٰی بن ابی کثیر، ابوکثیر یزید بن عبدالرحمٰن السحیمی، عبداللہ بن بدر یمانی وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔

۷۔ محدثین کوفہ میں سے عامر بن شراحیل الشعبی، ابراہیم نخعی، ابواسحاق السبیعی، عون بن عبداللہ، موسیٰ بن ابی عائشہ الہمدانی سعید بن مسروق الثوری، الحکم بن عتیبہ الکندی، حماد بن ابی سلیمان (شیخ امام ابوحنیفہ) منصور بن المعتمر السلمی، زکریا بن ابی زائدہ الہمدانی،

http://mujahid.xtgem.com

معسر بن کدام الہلالی، امام ابوحنیفہ النعمان بن ثابت التیمی، سفیان بن سعید الثوری، الحسن بن صالح بن حی، حمزہ بن حبیب الزیات، زفر بن الہذیل (تلمیذ امام ابوحنیفہ) وغیرہ کا نام لیا ہے۔

۸۔ محدثین جزیرہ میں سے میمون بن مہران، کثیر بن مرۃ حضرمی، ثور بن یزید ابوخالد الرحبی، زہیر بن معاویہ، خالد بن معدان العابد وغیرہ کے اسماء ذکر کیے ہیں

۹۔ اہل بصرہ کے محدثین میں سے ایوب بن ابی تیمیہ السختیانی معاویہ بن قرۃ مزنی، عبداللہ بن عون، داؤد بن ابی ہند شعبہ بن الحجاج (امام الجرح والتعدیل) ہشام بن حسان، قتادۃ بن دعامۃ سدوسی، راشد بن نجیح حمانی وغیرہ کا تذکرہ کیا ہے

۱۰۔ اہل واسط میں سے یحیٰی بن دینار رمانی، ابوخالد یزید بن عبدالرحمٰن دالانی، عوام بن حوشب وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔

۱۱۔ محدثین خراسان میں عبدالرحمٰن بن مسلم، عتیبہ بن مسلم، ابراہیم بن ادہم الزاہد، محمد بن زیاد وغیرہ کا تذکرہ کیا ہے(۱)

اس نوع میں امام حاکم نے پانچ سو سے زائد ان ثقات ائمہ حدیث کو ذکر کیا ہے جن کی مرویات محدثین کی اہمیت کی حامل ہیں اور انہیں جمع کرنے کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ اور ان ائمہ حدیث میں امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا ذکر ہے کیا اس کے بعد بھی امام صاحب کے حافظ حدیث بلکہ کبار حفاظ حدیث میں ہونے کے بارے میں کسی تردد کی گنجائش رہ جاتی ہے

اسی طرح امام ذہبی جو بقول حافظ ابن حجر عسقلانی نقد رجال میں استقراء تام کے مالک تھے۔ اپنی اہم ترین و مفید ترین تصنیف سیر اعلام النبلاء میں امام مالک رحمہ اللہ علیہ کے تذکرہ میں امام شافعی رحمہ اللہ کے قول "العلم يدور على ثلثة مالك، والليث وابن عيينة"

(علم حدیث تین بزرگوں امام مالک، امام لیث بن سعد اور امام سفیان بن عیینہ پر دائر ہے) کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

---

(۱) معرفة علو الحديث از امام حاکم نیسابوری ص ۲۴۰۔۲۴۹

http://mujahid.xtgem.com

قلت بل و علی سبعة معهم، وهم الاوزاعی، الثوری، وأبو حنيفة، وشعبة، والحماد ان (۱)

میں کہتا ہوں کہ ان تینوں مذکورہ ائمہ حدیث کے ساتھ مزید سات بزرگوں یعنی امام اوزاعی، امام ثوری، امام معمر امام ابوحنیفہ، امام شعبہ امام حماد اور امام حماد بن زید پر علم دائر ہے۔

آپ دیکھ رہے ہیں امام ذہبی ان اکابر ائمہ حدیث کے زمرہ میں جن پر علوم حدیث دائر ہے امام ابوحنیفہ کو بھی شمار کر رہے ہیں امام صاحب کے کبار محدثین کے صف میں ہونے کی یہ کتنی بڑی اور معتبر شہادت ہے اس کا اندازہ اہل علم کر سکتے ہیں۔

نیز اسی سیر اعلام النبلاء، میں مشہور امام حدیث یحییٰ بن آدم کے تذکرہ میں محمود بن غیلان کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ

"سمعت أباأسامة يقول كان عمرؓ فی زمانه رأس الناس وهو جامع و كان بعده ابن عباس فی زمانه وبعده الشعبی فی زمانه و كان بعده سفيان الثوری و كان بعد الثوری يحیٰ بن آدم"

محمود بن غیلان کہتے ہیں کہ میں نے ابواسامہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے عہد میں علم واجتہاد کے اعتبار سے لوگوں کے سردار تھے اور وہ جامع فضائل تھے۔ اور انکے بعد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اپنے زمانہ میں، اور ان کے بعد امام شعبی اپنے زمانہ میں اور امام شعبی کے بعد سفیان ثوری اپنے زمانہ میں اور ان کے بعد یحیٰ بن آدم اپنے زمانے میں علم واجتہاد کے امام تھے۔

اس قول کو نقل کرنے کے بعد اس بارے میں اپنی رائے کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

قلت: قد كان يحيیٰ بن آدم من كبارائمة الاجتهاد، وقد كان عمر كما قال فی زمانه ثم كان علی، وابن مسعود، ومعاذ، وابوالدرداء، ثم كان بعدهم فی زمانه زيدبن ثابت، وعائشه وابوموسیٰ، وابوهريرة، ثم كان ابن عباس وابن عمر، ثم علقمة، ومسروق وابوادريس وابن المسيب، ثم عروة والشعبی والحسن وابراهيم النخعی ومجاهدوطاؤس وعدّه ثم الزهری وعمربن

(۱) سیر اعلام النبلاء ۹۴/۸

http://mujahid.xtgem.com

عبدالعزیز، وقتادة وأیوب ثم الأعمش وابن عون وابن جریج وعبیدالله بن عمرثم الأوزاعی وسفیان الثوری،ومعمروابو حنیفه وشعبه ثم مالك واللیث وحمادبن زیدوابن عیینة ثم ابن المبارك ویحییٰ القطان ووکیع وعبدالرحمن وابن وهب،ثم یحییٰ بن آدم وعفان والشافعی وطائفة ثم أحمدوأسحاق ابوعبیدوعلی المدینی وابن معین ثم ابومحمدالدارمی ومحمدبن اسماعیل البخاری وآخرون من ائمة العلم والاجتهاد۔(۱)

میں کہتا ہو یقیناً یحییٰ بن آدم کبار ائمہ اجتہاد میں سے تھے،اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بلاشبہ اپنے زمانہ میں علم واجتہاد میں سرتاج مسلمین تھے پھر ان کے بعد حضرت علی،عبداللہ بن مسعود،معاذ بن جبل ابودرداء رضی اللہ عنہم کا مرتبہ ہے،ان حضرات کے بعد زید بن ثابت عائشہ صدیقہ ابوموسیٰ اشعری اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کا علم واجتہاد میں مرتبہ تھا،ان حضرات کے بعد حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کا مقام تھا پھر ان حضرات صحابہ کے بعد علقمہ،مسروق،ابوادریس خولانی اور سعید بن المسیب کا درجہ تھا پھر عروۃ بن زبیر،امام شعبی،حسن بصری،ابراہیم نخعی،مجاہد،طاؤس وغیرہ تھے پھر ابن شہاب زہری،عمر بن عبدالعزیز،قتادہ،ایوب سختیانی کا مرتبہ تھا پھر امام اعمش،ابن عون ،ابن جریج،عبید اللہ بن عمر کا درجہ تھا پھر امام اوزاعی،سفیان ثوری،معمر،امام ابوحنیفہ اور شعبہ بن حجاج کا مقام ومرتبہ تھا پھر امام مالک،لیث بن سعد،حماد بن زید اور سفیان بن عیینہ تھے،پھر عبداللہ بن مبارک،یحییٰ بن سعید قطان،وکیع بن جراح،عبدالرحمن بن مہدی،عبداللہ بن وہب تھے پھر یحییٰ بن آدم،عفان بن مسلم،امام شافعی وغیرہ تھے پھر امام احمد بن حنبل اسحاق بن راہویہ،ابوعبید علی بن المدینی اور یحییٰ بن معین تھے پھر ابومحمد دارمی ،امام بخاری اور دیگر ائمہ علم واجتہاد اپنے زمانہ میں تھے۔

اس موقع پر بھی امام ذہبی نے اکابر ائمہ حدیث کے ساتھ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا بھی ذکر کیا ہے جس سے صاف طور پر ظاہر ہوتا ہے کہ امام ذہبی کے نزدیک امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث میں ان اکابر کے ہم پایہ ہیں۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء ۹/۵۲۵۔۵۲۶۔

http://mujahid.xtgem.com

یہ اکابر محدثین یعنی امام مسعر بن کدام، امام ابوسعد سمعانی، حافظ حدیث یزید بن ہارون، استاد امام بخاری مکی بن ابراہیم ابومقاتل، امام عبدالعزیز بن رداد، مؤرخ کبیر المحدث محمد بن یوسف صالحی، امام المحدثین ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری امام ذہبی وغیرہ بیک زبان شہادت دے رہے ہیں کہ امام اعظم ابوحنیفہ اپنے عہد کے حفاظ حدیث میں امتیازی شان کے مالک تھے ان اکابر متقدمین ومتأخرین علمائے حدیث کے علاوہ امام ابن تیمیہ، ان کے مشہور تلمیذ ابن القیم وغیرہ حفاظ حدیث بھی امام صاحب کو کثیر الحدیث ہی نہیں بلکہ اکابر حفاظ حدیث میں شمار کرتے ہیں۔

اس موقع پر بغرض اختصار انہیں مذکورہ ائمہ حدیث وفقہ کی نقول پر اکتفا کیا گیا ہے امام اعظمؒ کی مدح وتوصیف کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ چنانچہ امام حافظ عبدالبر اندلسی مالکی اپنی انتہائی وقیع کتاب "الانتقاء فی فضائل الائمة الثلاثة الفقهاء" میں سرسٹھ۶۷ اکابر محدثین وفقہاء کے اسماء نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

و كل هولاء أثنوا عليه ومدحوه بألفاظ مختلفة (۱)

ان سارے بزرگوں نے مختلف الفاظ میں امام ابوحنیفہؒ کی مدح وثنا کی ہے امام صاحب کے بارے میں تاریخ اسلام کی ان برگزیدہ شخصیتوں کے اقوال کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی اس صحیح حدیث کی روشنی میں دیکھئے خادم رسول اللہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ:

مرّوا بجنازة فاثنوا عليها خيراً فقال النبی صلى الله عليه وسلم !وجبت فقال عمر ما وجبت ؟فقال هذا أثنيتم عليه خيرا،فوجبت له الجنة أنتم شهداء الله في الأرض (متفق عليه )(۲)

حضرات صحابہ کا ایک جنازہ کے پاس سے گزر ہوا تو ان حضرات نے اس کی خوبیوں کی تعریف کی اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب ہوگئی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیا چیز واجب ہوگئی؟ تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے اسکے خیر وبھلائی کو بیان کیا لہذا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی تم زمین

(۱) الانتقاء ص ۲۲۹ مطبوعہ دار البشائر بیروت ۱۴۱۷ (۲) مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۴۵ باختصار

http://mujahid.xtgem.com

میں اللہ کے گواہ ہو۔

اس حدیث پاک کے مطابق یہ اعیان علماء اسلام یعنی محدثین فقہاء، عباد وزہاد اور اصحابِ امانت ودیانت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کی عظمت شان اور دینی امامت کے بارے میں شہداء اللہ فی الارض ہیں اور اللہ کے ان گواہوں کے شہادت کے بعد مزید کسی شہادت کی حاجت نہیں۔

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر اک کا نصیب یہ بخت رسا کہاں

## امام صاحب کی عدالت وثقاہت

سید الفقہاء، سراج الامت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی علم وفضل اور امامت وشہرت کے جس بلند وبالا مقام پر ہیں، ان کی عظمت شان بذات خود انہیں ائمۂ جرح وتعدیل کی انفرادی تعدیل وتوثیق سے بے نیاز کر دیتی ہے

چنانچہ امام تاج الدین سبکی اصول فقہ پر اپنی مشہور کتاب ''جمع الجوامع'' کے آخر میں لکھتے ہیں۔

ونعتقد أن أباحنيفة ومالكا، والشافعي، وأحمد، والسفيانين، والأوزاعي، واسحاق بن راهويه، وداؤدالظاهرى، وابن جرير وسائر أئمة المسلمين على هدى من الله في العقائد وغيرها ولاالتفات الى من تكلم فيهم بماهم بريئون منه فقد كانو ا من العلوم اللّدنّية والمواهب الالهية والاستنباط الدقيقة والمعارف الغزيرة والدين والورع والعبادة والزهادة والجلالة بالمحل لايسامىٰ۔''(۱)

ہمارا اعتقاد ہے کہ ابوحنیفہ، مالک، شافعی، احمد، سفیان ثوری، وسفیان بن عیینہ، اوزاعی، اسحاق بن راہویہ، داؤد ظاہری، ابن جریر طبری اور سارے ائمہ مسلمین عقائد

(۱) جمع الجوامع ۳/۴۴۱

http://mujahid.xtgem.com

واعمال میں منجانب اللہ ہدایت پر تھے اوران ائمہ دین پر ایسی باتوں کی حرف گیری کرنے والے جن سے یہ بزرگان دین بری تھے مطلقاً لائق التفات نہیں ہیں کیونکہ یہ حضرات علوم لدنی، خدائی عطایا، باریک استنباط، معارف کی کثرت، اور دین و پرہیز گاری، عبادت وزہد نیز بزرگی کے اس مقام پر تھے جہاں پہنچا نہیں جا سکتا ہے۔

نیز شیخ الاسلام ابواسحاق شیرازی شافعی اپنی کتاب اللمع فی اصول الفقہ میں رقم طراز ہیں۔

وجملته أن الراوی لا یخلوا إما ان یکون معلوم العدالة أومعلوم الفسق أومجهول الحال، فإن کانت عدالته معلومة کالصحابة رضی الله عنهم أوأفاضل التابعین کالحسن وعطاء والشعبی و النخعی أوأجلاء الأئمة کمالك ، وسفیان، وأبی حنیفة، والشافعی، وأحمد، وإسحاق، ومن یجری مجراهم وجب قبول خبره ولم یجب البحث عن عدالته ۔(١)

”جرح وتعدیل کے باب میں خلاصہ کلام یہ ہے کہ راوی کی یا تو عدالت معلوم ومشہور ہوگی یا اس کا فاسق ہونا معلوم ہوگا، یا وہ مجہول الحال ہوگا (یعنی اس کی عدالت یا فسق معلوم نہیں) تو اگر اس کی عدالت معلوم ہے جیسے کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم یا افاضل تابعین جیسے حسن بصری، عطاء بن رباح، عامر شعبی، ابراہیم نخعی یا جیسے بزرگ ترین ائمہ دین جیسے امام مالک ،امام سفیان ثوری، امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد، امام اسحاق بن راہویہ اور جو ان کے ہم درجہ ہیں تو ان کی خبر ضرور قبول کی جائے گی اوران کی عدالت وتوثیق کی تحقیق ضروری نہیں ہوگی“۔

یہی بات اپنے الفاظ میں حافظ ابن صلاح نے اصول حدیث پر اپنی مشہور ومعروف کتاب علوم الحدیث میں تحریر کی ہے۔ لکھتے ہیں

فمن اشتهرت عدالته بین أهل النقل من اهل العلم وشاع کالثناء علیه

(١) اللمع فی اصول الفقہ ص ۴۱ مطبوعہ مصطفیٰ البابی الحلبی بمصر ١٣٥٨ھ

http://mujahid.xtgem.com

بالثقة و الأمانة استغنى فيه بذالك عن بينة شاهد بعدالته تنصيصاً (۱)

''علمائے اہل نقل میں جس کی عدالت مشہور ہو اور ثقاہت و امانت میں جس کی تعریف عام ہو اس شہرت کی بناء پر اس کے بارے میں صراحتاً انفرادی تعدیل کی حاجت نہیں ہے''۔

حافظ شمس الدین سخاوی "الجواھر الدر فی ترجمة شیخ الاسلام ابن حجر" میں رقم طراز ہیں:۔

وسئل ابن حجر مما ذکر ہ النسائی فی "الضعفاء والمتروکین عن أبی حنیفة رضی اللہ أنه لیس بقوی فی الحدیث وھو کثیر الغلط والخطاء علی قلة روایته،ھل ھو صحیح ؟وھل وافقه علی ھذا احد من ائمة المحدثین ام لا؟

فأجاب :النسائی من أئمة الحدیث والذی قاله انما ھو حسب ما ظھر له وأداہ إلیه اجتھادہ ،ولیس کل أحدیؤخذبجمیع قوله ،وقد وافق النسائی علی مطلق القول فی جماعة من المحدثین ،واستوعب الخطیب فی ترجمته من تاریخه أقاویلھم وفیھا مایقبل ومایرد وقداعتذرعن الإمام بانه کان یری أنه لایحدث إلابما حفظه منذ سمعه إلی أن اداہ ،فلھذا قلت الروایةعنه وصارت روایته قلیلة بالنسبة لذالک ،وإلا فھو فی نفس الأمر کثیر الروایة ۔

وفی الجمله :ترک الخوض فی مثل ھذا أولی فإن الإ مام وأمثاله ممن قفزوا لقنطرة فما صار یؤثر فی أحد منھم قول أحد بل ھم فی الدرجة اللتی رفعھم اللہ تعالی إلیھا من کونھم متبوعین یقتدیٰ بھم فلیعتمد ھذا واللہ ولی التوفیق (۲)

''شیخ الاسلام حافظ ابن حجر عسقلانیؒ سے دریافت کیا گیا کہ امام نسائی نے اپنی کتاب ''الضعفاء والمتروکین ''میں امام اعظم ابوحنیفہؒ کے متعلق

(۱) علوم الحدیث المعروف بمقدمہ ابن صلاح ص ۱۱۵

(۲) بحوالہ اثر الحدیث الشریف فی اختلاف الائمہ رضی اللہ عنہم ص ۱۱۶، ۱۱۷ از محقق علامہ محمد عوامہ

http://mujahid.xtgem.com

جو یہ لکھا ہے کہ "إنه ليس بالقوی فی الحديث وهو كثير الغلط والخطاء علی قلة روايته" (کیا یہ درست ہے اور ائمہ محدثین میں کسی نے اس قول میں انکی موافقت کی ہے؟) تو شیخ الاسلام حافظ ابن حجر نے جواب دیا۔نسائی ائمہ حدیث میں ہیں انہوں نے امام اعظمؒ کے بارے میں جو بات کہی ہے وہ اپنے علم واجتہاد کے مطابق کہی ہے۔اور ہر شخص کی ہر بات لائق قبول نہیں ہوتی ،محدثین کی جماعت میں سے کچھ لوگوں نے اس بات میں نسائی کی موافقت کی ہے اور امام خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں امام اعظم کے تذکرے میں ان لوگوں کے اقوال کو جمع کردیا ہے جن میں لائق قبول اور قابل رد دونوں طرح کے اقوال ہیں ،امام اعظمؒ کی قلت روایت کے بارے میں یہ جواب دیا گیا ہے کہ روایت حدیث کے سلسلے میں چونکہ ان کا مسلک یہ تھا کی اسی حدیث کا نقل کرنا درست ہے جو سننے کے وقت سے بیان کرنے کے وقت تک یاد ہو باب روایت میں اسی کڑی شرط کی بناء پر ان سے منقول روایتیں کم ہوگئیں ورنہ وہ فی نفسہ کثیر الروایت ہیں"۔

"بہر حال (امام اعظمؒ کے متعلق) اس طرح کی باتوں میں نہ پڑنا ہی بہتر ہے کیونکہ امام ابوحنیفہ اوران جیسے ائمہ دین ان لوگوں میں ہیں جو اس پل کو پار کرچکے ہیں (یعنی باب جرح میں ہماری بحث وتحقیق سے بالاتر ہیں) لہذا ان میں کسی کی جرح موثر نہیں ہوگی بلکہ اللہ تعالی نے ان بزرگوں کو امامت ومقتدائیت کی جو رفعت وبلندی عطا کی وہ اپنے اسی مقام بلند پر فائز ہیں۔ان ائمہ حدیث کے متعلق اسی تحقیق پر اعتماد کرو اللہ تعالی ہی توفیق کے مالک ہیں"۔

ان اکابر علماء حدیث وفقہ کی مذکورہ بالا تصریحات اور حدیث وفقہ کے اس مسلمہ اصول کے پیش نظر اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی توثیق وتعدیل سے متعلق ائمہ جرح وتعدیل کے انفرادی اقوال پیش کیے جائیں پھر بھی بغرض

http://mujahid.xtgem.com

فائدہ مزید امام اعظمؒ کی توثیق وتعدیل سے متعلق ذیل میں کچھ ائمہ جرح وتعدیل کے اقوال درج کئے جارہے ہیں۔

١۔قال محمد بن سعد العوفی سمعت یحییٰ بن معین یقول کان أبو حنیفة ثقة لایحدث بالحدیث إلابمایحفظه و لایحدث بمالا یحفظ۔ (١)

"محمد بن سعد عوفی کا بیان ہے کہ میں نے یحیٰی بن معین سے کہتے ہوئے سنا کہ امام ابوحنیفہ ثقہ تھے وہ اسی حدیث کو بیان کرتے تھے جوانہیں محفوظ ہوتی تھی اور جو حدیث یاد نہ ہوتی بیان نہیں کرتے تھے"۔

٢۔وقال صالح بن محمد الأسدی الحافظ سمعت یحیٰ بن معین یقول کان أبو حنیفة ثقة فی الحدیث۔ (٢)

"حافظ صالح بن محمد اسدی کہتے ہیں کہ میں نے یحیٰی بن معین کو کہتے ہوئے سنا کہ امام ابوحنیفہ حدیث میں ثقہ تھے"۔

٣۔وقال علی بن المدینی أبوحنیفة روی عنه الثوری ،وابن المبارك وحماد بن زیدوهشیم وو کیع بن الجراح وعباد بن العوام و جعفر بن عون وهو ثقة لا بأس به ۔(٣)

امام بخاری کے استاذ کبیر علی بن المدینی کا قول ہے کہ امام ابوحنیفہ سے سفیان ثوری عبداللہ بن مبارک ،حماد بن زید، ہشیم ،وکیع بن الجراح ،عباد بن عوام اور جعفر بن عون روایت کرتے ہیں اوروہ ثقہ تھے ان میں کوئی خرابی نہیں تھی۔

٤۔قال محمدبن اسماعیل سمعت شبابة بن سوار کان شعبة حسن الرای فی أبی حنیفة ۔(٤)

---

(١)تہذیب الکمال از حافظ مزی ٣٤٠٧مطبوعہ موسسة الرسالہ ١٤١٨ھ۔(٢)ایضاً۔

(٣)جامع بیان العلم وفضلہ ١٠٨٣/٢ازحافظ ابن عبدالبرمطبوعہ دارالجوزیہ طبعة ثالثہ ١٤١٨ (٤)الانتقاء فی فضائل الائمة الثلاثة الفقہاء ص١٩٦ازحافظ ابن عبدالبر مطبوعہ دارالبشائرالاسلامیہ بیروت لطبعة الاولی ١٤١٧۔

http://mujahid.xtgem.com

شبابة بن سوار کا بیان ہے کہ امام شعبہ بن الحجاج امام ابوحنیفہ کے بارے میں اچھی رائے رکھتے تھے۔

۵۔قال عبداللہ بن أحمد بن إبراهيم الدورقي قال سئل يحيىٰ بن معين وانا اسمع عن ابی حنيفة فقال: ثقة ماسمعت احداًضعّف هذاشعبةبن الحجاج يكتب إليه ان يحدث ويامره وشعبة شعبه (۱)

''عبداللہ دورقی کہتے ہیں یحییٰ بن معین سے امام ابوحنیفہ کے متعلق پوچھا گیا اور میں سن رہا تھا کہ یحییٰ بن معین نے فرمایا وہ ثقہ ہیں میں نے کسی سے اس کی تضعیف نہیں سنی، یہ امام شعبہ ہیں جنہوں نے امام ابوحنیفہ کو مکتوب لکھا کہ آپ حدیث روایت کیجئے یعنی امام شعبہ نے انہیں حدیث کی روایت کا حکم دیا اور جرح وتعدیل کے فن میں شعبہ کا جو مقام ہے وہ سب کو معلوم ہے''

اس موقع پر بغرض اختصار ائمہ جرح وتعدیل میں سے امام یحییٰ بن معین، امام علی بن المدینی اور امام شعبہ بن الحجاج کے اقوال پر اکتفاء کیا جارہا ہے ورنہ "يقول امام ابن عبدالبر الذين رووا عن أبي حنيفة ووثقوه وأثنوا عليه أكثر من الذين تكلموا فيه"۔

یعنی امام ابوحنیفہ سے حدیث کی روایت کرنے اور ان کی توثیق وتعریف کرنے والوں کی تعداد ان پر کلام کرنے والوں کی تعداد سے بہت زیادہ ہے۔

پھر ان مذکورہ ائمہ کا فن جرح وتعدیل میں جو مقام ومرتبہ ہے وہ اہل علم سے پوشیدہ نہیں کہ ان میں سے صرف ایک کی تعدیل کسی کی عدالت کے ثبوت کے لئے کافی سمجھی جاتی ہے۔

## امام ابوحنیفہ اور فن جرح وتعدیل

سراج الامت، سید الفقہاء نہ صرف ایک عادل وضابطہ حافظ حدیث تھے بلکہ ائمہ محدثین کی اس صف میں شامل تھے جو علوم حدیث اور رجال حدیث میں مہارت، نیز ذکاوت وفراست اور عدالت وثقاہت میں اس معیار پر تھے جن کے فیصلوں پر راویانِ

(۱) جامع بيان العلم وفضله ۱۰۸٤/۲

http://mujahid.xtgem.com

حدیث کے مقبول وغیر مقبول ہونے کا مدار ہے۔

چنانچہ الامام الناقد الحافظ ابو عبداللہ شمس الدین محمد الذہبی المتوفی ۷۴۸ھ طبقات المحدثین کے فن میں اپنی جامع ونافع ترین کتاب ''تذکرۃ الحفاظ'' کے سرورق پر رقم طراز ہیں۔

هذه تذكرة اسماء معدلي حملة العلم النبوى ومن ير جع إلى اجتهادهم فى التوثيق والتضعيف والتصحيح والتعريف ۔(۱)

''یہ مستقیم السیر ت حاملین حدیث اور رجال کی توثیق وتضعیف نیز حدیث کی تصحیح وتضعیف میں جن کے اجتہاد ورائے کیجانب رجوع کیا جاتا ہے کے اسماء کا تذکرہ ہے''۔

اور تذکرہ میں امام ذہبی پانچویں طبقہ کے حفاظ حدیث میں امام صاحب کا بھی ذکر کیا ہے(۲) جس سے صاف ظاہر ہے کہ امام ذہبی نے (جن کے بارے میں حافظ ابن حجر کا فیصلہ ہے کہ نقد رجال میں استقراء تام کے مالک ہیں) کے نزدیک امام اعظم ابوحنیفہ'' کا شماران ائمۂ حدیث میں ہے جن کے قول سے جرح وتعدیل کے باب میں سند پکڑی جاتی ہے۔

پھر یہی امام ذہبی اپنے رسالہ "ذكر من يعتمد قوله فى الجرح والتعديل" میں لکھتے ہیں۔

فاول من زكّىٰ وجرّح عند انقراض عصر الصحابة

۱۔الشعبى،۲۔وابن سيرين ونحوهما حفظ عنهم توثيق أناس وتضعيف آخرين ۔وسبب قلة الضعفاء قلة متبوعهم من الضعفاء إذا كثر المتبوعين صحابة عدول واكثرهم من غير الصحابة بل عامتهم ثقات صادقون يعون مايرون وهم كبار التابعين ......ثم كان فى المائة الثانية فى اوائها جماعة من الضعفاء من ارساط التابعين وصغار هم .........فلما كان عند انقراض عامة التابعين فى حدود الخمسين ومائة تكلم طائفة من الجهابذة فى التوثيق والتضعيف ۳۔فقال ابو حنيفة ما رايت أكذب من جابر الجعفى الخ۔(۱)

''عہد صحابہ رضی اللہ عنہم کے خاتمہ کے بعد اولین جرح وتعدیل کرنے

---

(۱) تذکرۃ الحفاظ ۱/۱ مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بلا تاریخ (۲) ایضاً ۱/۱۶۸

http://mujahid.xtgem.com

والوں میں امام شعبی اور امام ابن سیرین ہیں ان دونوں بزرگوں سے کچھ لوگوں کی توثیق اور کچھ دوسرے لوگوں کی جرح محفوظ ہے۔ اس عہد میں ضعفاء کی کمی کا سبب یہ ہے کہ اس زمانہ کے متبوعین میں حضرات صحابہ ہیں جو سب کے سب عادل ہی ہیں اور غیر صحابہ میں کبار تابعین ہیں جو عام طور پر ثقہ صادق اور اپنی مرویات کو محفوظ رکھنے والے تھے پھر دوسری صدی ہجری کے اوائل میں اوساط وصغار تابعین میں ضعفاء کی ایک جماعت ہے۔ پھر جب ۱۵۰ھ کے حدود میں اکثر اور عام تابعین ختم ہوگئے تو ناقدین رجال کی ایک جماعت نے توثیق وتضعیف کے باب میں کلام کیا چنانچہ امام ابوحنیفہ نے جابر جعفی پر جرح کرتے ہوئے فرمایا مارأیت اکذب من جابر الجعفی، جابر جعفی سے بڑا جھوٹا میں نے نہیں دیکھا''۔

جابر جعفی کے بارے میں امام صاحب کی اس جرح کی بنیاد پر عام طور پر ائمہ رجال نے یہی فیصلہ صادر کیا ہے کہ جابر جعفی کی روایت قابل اعتبار نہیں ہے۔ چنانچہ امام ترمذی کی کتاب العلل میں امام صاحب کے حوالہ سے جابر جعفی پر جرح نقل کی ہے وہ لکھتے ہیں۔

حدثنا محمود بن غیلان ،حدثنا ابویحییٰ الحمانی قال سمعت أبا حنیفه یقول :مارأیت أحداً أکذب من جابر الجعفی و لاأفضل من عطاء ۔ (۲)

''امام ترمذی ناقل ہیں کہ مجھ سے محمود بن غیلان نے اور انہوں نے اپنے شیخ ابو یحییٰ حمانی سے نقل کیا کہ میں نے ابوحنیفہ سے کہتے ہوئے سنا کہ جابر جعفی سے بڑا جھوٹا اور عطا بن ابی رباح سے افضل میں نے نہیں دیکھا''۔

جرح وتعدیل کے باب میں امام صاحب کے اس قول کی امام ترمذی کے علاوہ امام ابن حبان نے اپنی صحیح میں، حافظ ابن عدی نے ''الکامل فی الضعفاء'' میں اور حافظ

(۱) اربع رسائل فی علوم الحدیث ص ۱۷۲-۱۷۵ مطبوعه دار البشائر الاسلامیه الطبعة السادسة ۱۴۱۶ھ بتحقیق علامه محدث عبدالفتاح ابوغده۔ (۲) جامع ترمذی ۲/۲۳۳ طبع مصر ۱۲۹۲ بحواله ابن ماجه اورعلم حدیث از محقق علامه عبدالرشید نعمانی ص ۲۲۹، تهذیب التهذیب ۲/۴۸ (۲) ص ۸ ۱۰، ۱۰۹ مطبوعه دهلی ۱۸۱۵ء

http://mujahid.xtgem.com

ابن عبد البر نے ''جامع بیان العلم وفضلہ'' میں نقل کیا ہے۔

امام بیہقی کتاب القرأت خلف الامام میں لکھتے ہیں۔

''ولو لم یکن فی جرح الجعفی الاقول ابی حنیفة رحمه الله لکفاه به شرا فانه رأه وجربه وسمع منه مایوجب تکذیبه فاخبربه۔'' (۱)

''جابر جعفی کی جرح میں اگر امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ ہی کا قول ہوتا تو بھی اس کے مجروح ہونے کیلئے یہ کافی تھا کیونکہ امام صاحب نے اسے دیکھا اور اس کا تجربہ کیا تھا اور اس سے ایسی باتیں سنی تھیں جس سے اسکی تکذیب ضروری تھی لہذا انہوں نے اسکی خبر دی''

اور امام ابو محمد علی بن احمد المعروف بہ ابن حزم اپنی مشہور کتاب ''المحلی فی شرح المجلی'' میں لکھتے ہیں۔

جابر الجعفی کذاب وأول من شهد علیه بالکذب ابو حنیفة (۲)

جابر جعفی کذاب ہے اور سب سے پہلے جس نے اسکے کاذب ہونے کی شہادت دی وہ امام ابو حنیفہ ہیں۔

ان نقول سے یہ بات اچھی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ جرح وتعدیل کے باب میں امام بخاری امام علی بن المدینی استاذ امام بخاری امام احمد بن حنبل، یحیٰی بن معین، یحیٰی بن سعید قطان، عبد الرحمٰن بن مہدی، امام شعبہ وغیرہ ائمہ جرح وتعدیل کے اقوال کی طرح امام ابو حنیفہ کے اقوال سے بھی ائمہ حدیث احتجاج واستدلال کرتے ہیں کتب رجال مثلاً تھذیب الکمال از امام مزی، تذہیب التھذیب از امام ذہبی، تہذیب التہذیب از حافظ ابن حجر عسقلانی وغیرہ میں جرح وتعدیل سے متعلق امام صاحب کے دیگر اقوال بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

اس مختصر مقالہ میں ان سب اقوال کے نقل کی گنجائش نہیں کسی دوسرے موقع پر انشاء اللہ اس اختصار کی تفصیل بھی پیش کر دی جائے گی۔ یار زندہ صحبت باقی۔

**وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین والصلاة والسلام علی سید المرسلین وعلی آله وأصحابه وأتباعه أجمعین**

(۱) ص ۱۰۸-۱۰۹ مطبوعہ دہلی ۱۳۱۶ (۲) ۳۷۸۱ طبع بیروت

http://mujahid.xtgem.com